SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرVIII مجریہ 2006

SINDH ACT NO. VIII OF 2006

کوسٹل ڈیولیپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) ایکٹ،2006

THE COASTAL DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) ACT, 2006

(CONTENTS) فہرست

تمہید(PREAMBLE)

(SECTIONS) دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات۔

SHORT TITLE AND COMMENCEMENT

2. 1994کے سندھ ایکٹ XXVIIIکی ترمیم

AMENDMENT OF SINDH ACT XXVIII OF 1994.

3. 1994کے سندھ ایکٹ XXVIIIکی دفعہ 2کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 2 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994.

4. 1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 5 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 5 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

5. 1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 6 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 6 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

6. 1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 6-A کی شمولیت

INSERTION OF SECTION 6_A OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

7. 1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 7 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 7 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

سندھ ایکٹ نمبرVIII مجریہ 2006

SINDH ACT NO. VIII OF 2006

کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) ایکٹ،2006

THE COASTAL DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) ACT, 2006

[22دسمبر 2006]

ایکٹ جس کے ذریعے کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1994 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید(PREAMBLE)

جیسا کہ کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ ، 1994 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو کہ اس طرح سے ہوگی ،

اس کو اس طرح سے عمل میں لایاجائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات۔
SHORT TITLE AND COMMENCEMENT

1.(1) اس ایکٹ کو کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم)ایکٹ 2006 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفورنافذالعمل ہوگا۔

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی ترمیم
AMENDMENT OF

2. کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ ،1994 میں جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا تمام ایکٹ میں الفاظ"الفاظ" کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی " کے لیئے

SINDH ACT XXVIII OF 1994.

لفظ ”سندھ کوسٹل ڈیولیپمنٹ اتھارٹی “ متبادل ہونگے ۔

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 2 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 2 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

3. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 2 میں ، شق (c) کے بعد مندرجہ ذیل تبدیلی کی جائے گی:

”(EE)”ڈائریکٹر جنزل“ سے مراد اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنزل “

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 5 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 5 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

4. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 5 میں ،ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

(I) گورننگ باڈی چیئرمین اور مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی :

(A) حکومت کے مندرجہ ذیل محکموں کے سیکریٹریز:

(I) محکمہ پلاننگ اور ڈیولیپمنٹ

(II) محکمہ مالیات

(III) محکمہ جنگلات اور جنگلی حیات

(IV) محکمہ آبپاشی اور توانائی

(V) محکمہ زراعت

(VI) محکمہ ثقافت، کھیل ، نوجوانوں کے معاملات اور محکمہ سیاحت،

(VII) مکانی حکومت ، کچی آبادیاں اور مقامی ترقی کا محکمہ

(VIII) محکمہ ورکس اور سروسز،

(IX) محکمہ ماحولیات اور توانائی ،اور

(X) محکمہ لائیواسٹاک اور فشریز،

(B) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر ٹھٹھہ اور بدین ،

(C) صوبائی اسمبلی سندھ کے دوارکان ایک ٹھٹھہ اور بدین ضلعوں میں سے وزیراعلیٰ کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے،

(D) صوبے کے دونامور افراد وزیراعلیٰ کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے،اور

(E) ڈائریکٹر جنرل جو گورننگ باڈی کا سیکریٹری بھی ہوگا،

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 6 کی ترمیم
AMENDMENT OF SECTION 6 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

5. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 6 کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا۔

"6.(1) محکمہ پلاننگ اور ڈیولپمنٹ کا وزیر چیئرمین ہوگا.

(2) چیئرمین اور اراکین ایسی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے اور ایسے کام سرانجام دیں گے ، جو ان کو اس ایکٹ کے تحت سونپے گئے ہوں۔

(3) جہاں چیئرمین غیرحاضر ہو یا اپنے کام سرانجام دینے سے قاصر ہو، ایڈیشنل چیف سیکریٹری (ڈیولپمنٹ) گورننگ باڈی کنوینر ہوگا اور چیئرمین کی ذمہ داریاں سرانجام دے گا۔

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 6-A کی شمولیت
INSERTION OF SECTION 6-A OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

6. مذکورہ ایکٹ میں ، دفعہ 6 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی،

"6-A (1) حکومت ایسے شخص کو ڈائریکٹر جنرل مقرر کرے گی جو ایسی قابلیت رکھتا ہو اور ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت جیسا وہ طے کرے۔

(2) ڈائریکٹر جنرل اتھارٹی کا چیف ایگزیکیوٹو ہوگا۔

اس ایکٹ کی گنجائشوں اور ضوابط کے مطابق اور چیئرمین کے ضوابط کے زیرضابطہ ڈائریکٹر جنرل:

(A) موثر ضابطے رکھے گا اور اتھارٹی کی روزمرہ کے کاموں کو بہتر طریقے سے

ادائیگی کا ذمہ دار ہو گا:

(B) اتھارٹی کے مالی اور ایگزیکیوٹو انتظامات کی نگرانی کرے گا اور ایسے کام سرانجام دے گا اور ایسے اختیار استعمال کرے گا، جو اسے اس ایکٹ کے تحت منتقل یا سونپے گئے ہوں،

(C) اتھارٹی کی طرف سے کیس کرنے یا قانونی کاروائی میں شامل ہونے اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے ذمہ دار ہو گا،

(D) اتھارٹی کے احکام کی نگرانی کرنا اور عملدرآمد کے لیئے ذمہ دار اور با اختیار ہو گا،

(E) اتھارٹی کے عملداروں پر انتظامی ضابطے استعمال کرنے کے اختیارات حاصل ہونگے۔

1994 کے سندھ ایکٹ XXVIII کی دفعہ 7 کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTION 7 OF SINDH ACT XXVIII OF 1994

BOARD

7. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 7 کی ذیلی دفعہ (2) میں ،الفاظ "مانیٹرنگ کا "اور مانیٹرنگ" متبادل ہونگے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔